## لانڈھی میں ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے سرگرم کارکن عدنان فاروق کوشہید کردیا

## پولیس کی جوابی فائرنگ سے دوڈاکو ہلاک ہوگئے جبکہ ایک گرفتارکرلیا گیا

کراچی ۔۔۔3، مارچ 2008ء۔۔۔لانڈھی میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مسلح ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے سرگرم کارکن عدنان فاروق کوشہید کردیا۔(اناللہ واناالیہ راجعون) پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو ڈکیت ہلاک ہوگئے جبکہ شاہد نامی ڈکیت کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق لانڈھی میں ایم کیوایم کے زیراہتمام حق پرست امیدواروں کی کامیابی کی خوشی میں ورائٹی پروگرام منعقد کیا جارہا تھا۔اس دوران مسلح ڈاکوایک کوچ میں ڈکیتی کے بعدفرار ہورہے تھے کہ کوچ میں سوار مسافروں نے چیخنا شروع کردیا۔مسافروں کی چیخ وپکارسن کر ورائٹی پروگرام میں شریک ایم کیوایم کے کارکنان ڈاکوؤں کو پکڑنے کیلئے دوڑے تو مسلح ڈاکوؤں نے ان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے کارکن عدنان فاروق گولی لگنے سے شہید ہوگئے ۔قریب موجود پولیس اہلکاروں نے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا تو مسلح ڈاکوؤں نے پولیس پر فائرنگ کردی اور پولیس کی جوابی فائرنگ سے دوڈاکو صادق اور فاروق ہلاک ہوگئے جبکہ ایک ڈکیت شاہد کوگرفتار کرلیا گیا ہے۔ایم کیوایم کے شہید کارکن عدنان فاروق کی عمر 25 سال تھی اور وہ غیرشادی شدہ تھے۔شہید کے سوگواران میں والدین شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لانڈھی میں مسلح ڈاکوؤں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے سرگرم کارکن عدنان فاروق کے قتل کی شدید مذمت کی ہے اورشہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورنگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ عدنان فاروق کے قتل میں ملوث سماج دشمن عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے ۔رابطہ کمیٹی نے عدنان شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔

## عدنان فاروق کی شہادت پرالطاف حسین کااظہارتعزیت

لندن ۔۔۔3، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لانڈھی میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن محمد عدنان ولدمحمد فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## عدنان شہید کے والد سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پراظہارتعزیت

لندن ۔۔۔3، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن عدنان فاروق کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اورشہید کے والدمحمد فاروق سے ٹیلی فون پر دلی تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے عدنان فاروق کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محنتی اورایماندارتحریکی ساتھی قدرت کا عطیہ اورایم کیوایم کا قیمتی اثاثہ ہیں اوران کے بچھڑنے کا دکھ ہم اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عدنان کی شہادت سے ہم سب صدمے کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ عدنان کی شہادت سے پیدا ہونے والا خلا پرنہیں ہوسکتا لیکن قدرت کی مرضی کے آگے انسان بے بس ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہید کے والد سے کہا کہ یہ بہت بڑا صدمہ ہے اوردکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عدنان شہید کوکروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔شہید کے والد نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں جس طرح آپ اورایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے ہمارا ساتھ دیا ہے اس سے ہمیں بہت حوصلہ ملا ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئے بھی دعا کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق، رابطہ کمیٹی کے دیگرارکان اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے بھی عدنان شہید کے والد سے ٹیلی فون پرتعزیت کی۔

## ایم کیوایم کے ذمہ داران و کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر سید یاسین آزاد کی ممانی محترمہ رضیہ بی بی، کورنگی ٹاؤن یوسی 11 کے یوسی ناظم مرزا ساجد بیگ کی والدہ محترمہ شاہجہاں بیگم، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 168 کے کارکن کاشف کے والد محمد شفیع، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن زاہد حسین کے بھائی طاہر حسین، ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن جمشید علی وارثی کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن ذیشان کی ہمشیرہ محترمہ شبانہ شعیب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سندھ کے کشمیری عوام کے مسائل کا حل ایم کیوایم کی ترجیحات میں شامل ہے، طاہر کھوکھر، سلیم بٹ

## کراچی کے مختلف علاقوں میں کشمیری عوام سے ملاقاتیں اور اظہار تشکر

کراچی۔۔۔3، مارچ2008ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر اور حق پرست رکن اسمبلی آزاد کشمیر سلیم بٹ نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ میں رہائش پذیر کشمیری باشندوں کے مسائل کا حل بھی متحدہ قومی موومنٹ ترجیحات میں شامل ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراچی کے علاقوں محمود آباد، اختر کالونی اور گلشن اقبال میں رہائش پذیر کشمیریوں سے ملاقاتوں کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انہوں نے کشمیری عوام کی جانب سے حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنانے پر ان سے تشکر کا بھی اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے ایم کیوایم کا مؤقف واضح ہے اور ایم کیوایم چاہتی ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔انہوں نے کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں۔

## سماج دشمن عناصر کراچی کا امن وسکون بھی غارت کرنے کی سازشیں کررہے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## عدنان فاروق کی شہادت پر پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیوایم کے کارکن عدنان فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے سماج دشمن عناصر کراچی کے عوام کو لوٹنے کے ساتھ ساتھ شہر کا امن وسکون بھی غارت کرنے کی سازشیں کررہے ہیں۔یہ بات انہوں نے پیر کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت اور نیک محمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ جیسے جیسے صوبے میں ایم کیوایم کا گراف بڑھ رہا ہے ویسے ویسے صوبے اور شہر کے خلاف سازشیں بھی بڑھ رہی ہیں لانڈھی میں ایم کیوایم کے کارکن عدنان فاروق کی شہادت کا پیش آنے والا حالیہ واقعہ اس امر کا غماز ہے کہ کراچی کے سازشوں کے تانے بانے بنے جارہے ہیں۔انہوں نے عدنان فاروق کی شہادت کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی تاریخی کامیابی کی خوشی میں گزشتہ شب ایم کیوایم کی جانب سے لانڈھی میں جشن منایا جارہا تھا اور ورائٹی پروگرام کا سلسلہ جاری تھا۔اس دوران مسلح ڈاکو ایک چلتی کوچ کو لوٹ رہے تھے۔جب کوچ اس مقام پر پہنچی جہاں ایم کیوایم کے تحت ورائٹی پروگرام ہورہا تھا تو لوگوں کا رش دیکھ کر کوچ کے مسافروں نے چیخنا شروع کردیا جس پر ایم کیوایم کے کارکنان ڈاکوؤں کو پکڑنے کیلئے انکے پیچھے بھاگے تو مسلح ڈاکوؤں نے ان پر فائرنگ کردی۔مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے سرگرم کارکن 25 سالہ عدنان فاروق سینے پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئے اور اسپتال جاتے ہوئے شہید ہوگئے۔موقع پر موجود پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو ڈاکو ہلاک ہوگئے جبکہ تیسرا ڈاکو گرفتار کرلیا گیا جو پولیس کی حراست میں ہے۔گرفتار ڈاکو سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ان کا گروہ کراچی میں ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہا ہے اور انہوں نے قائد آباد کے علاقے میں اپنا ٹھکانہ بنا رکھا ہے۔گرفتار ہونے والے

ڈاکو کا تعلق قبائلی علاقہ جات سے ہے جو ٹھیک سے اردو زبان بھی نہیں بول سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پکڑے جانے والے قبائلی ڈاکو سے ملنے والی اطلاعات سے یہ منظم سازش پوری طرح بے نقاب ہورہی ہے کہ کراچی اور سندھ کا امن برباد کرنے والے عناصر کی ڈوریں کہاں کہاں سے ہلائی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کے مسترد کردہ عناصر یہاں ان کی سرپرست ہیں یہ وہی عناصر ہیں جنہیں کراچی کا امن وسکون اور کراچی کی ترقی پسند نہیں اسی لئے جرائم کی وارداتوں اور قتل وغارتگری کرکے شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں، یہ ایک تیر سے کئی شکار کررہے ہیں یہ یہاں دہشت گردی اور لوٹ مار کا بازار گرم کرکے ایک جانب عوامی حکومت کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں دوسری جانب کراچی کے عوام کو ان کے گاڑھے پسینے کی کمائی سے بھی محروم کررہے ہیں مسلسل لوٹ مار اور ڈکیتیوں کی وارداتوں سے یہ عوام کا امن وسکون بھی غارت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک محتاط اندازے کے مطابق کراچی میں بڑی بنک ڈکیتیوں جن میں لاکھوں، کروڑوں روپے لوٹے گئے اُن میں وہی سیکوریٹی گارڈ ملوث تھے جن کا تعلق قبائلی علاقہ جات سے ہے ان میں سے ابھی تک کوئی بڑی گرفتاری تاحال عمل میں نہیں آسکی ہے اس لئے یہ سوال پوری شدت سے اٹھ رہا ہے کہ ان جرائم پیشہ عناصر کو کراچی بھیجنے والے اور یہاں پناہ اور اسلحہ فراہم کرنے والے کس قدر منظم ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیس اس امر کا سختی سے نوٹس لے اور جرائم کی ان وارداتوں میں ملوث عناصر کو بے نقاب کرے۔انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ معاملے کی سنگینی کا اندازہ کرکے اگر بروقت فیصلے نہ کئے گئے تو صوبے اور شہر میں ان عناصر کی سرگرمیاں تیز ہوجائیں گی، آج بھی ڈرگ مافیا، قبضہ مافیا اور جرائم کی وارداتوں میں یہی قبائلی عناصر ملوث ہیں، اگر حکومت سندھ نے ایم کیوایم کے شہید کارکن عدنان فاروق کے قتل اور کراچی کے امن وسکون غارت کرنے والے عناصر کے خلاف موثر اور ٹھوس کارروائی نہ کی تو متحدہ قومی موومنٹ (جیسے صوبے اور شہر کے عوام نے اپنی نمائندگی کیلئے منتخب کیا ہے) کراچی کے عوام کو لوٹنے اور بے گناہ شہریوں کو قتل کرنے والے جرائم پیشہ عناصر سمیت ان کے سرپرستوں کے خلاف بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے اس موقع پر ہم عدنان فاروق شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان وعوام ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنان اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی کا امن تباہ کرنے والی ان کارروائیوں پر ہمیشہ کی طرح صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے اتحاد سے کراچی دشمن سازشوں کو ناکام بنادیں۔انہوں نے شہری حکومت سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ کمیونٹی پولیس کے منصوبے کو جلد از جلد نافذ کرے تاکہ علاقائی سطح پر موثر انداز میں جرائم کی بیخ کنی کی جاسکے، کمیونٹی پولیس کا منصوبہ اتنا اہم ہے کہ اسے بتدریج ملک بھر میں رائج کیا جانا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کے خلاف قتل وغارتگری اور سندھ و کراچی میں جاری ترقیاتی سفر کو روکنے کی سازش کا سول سوسائٹی نوٹس لے اور اس کے خلاف آواز اٹھائے۔مذکورہ ڈاکوؤں سے متعلق معلومات ہمیں نگراں حکومت کی جانب سے ہونے والے تعاون کے نتیجے میں ملی ہیں، حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ محکمہ پولیس کو زیادہ سے زیادہ فعال اور متحرک کرکے جرائم کا خاتمہ کرے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے جرائم اور صوبے کے خلاف سازشیں آنے والی حکومت کیلئے بھی ایک چیلنج ثابت ہونگی۔ایک اور سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہمارے شہید کارکن کے سوگواران کو احتجاج کرنے کا پورا حق حاصل ہے، یہ حق ہمیں بھی حاصل ہے تاہم اس کیلئے کوئی ٹائم فریم دینا ضروری نہیں، ہمارا یہ حق محفوظ ہے جب مناسب سمجھا جائے گا استعمال کیا جائے گا۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عدنان فاروق شہید کو سپرد خاک کردیا گیا، سوئم منگل کو ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب نمائندگان، کارکنان اور ہمدردوں کی بڑی تعداد میں شرکت

## شہادت کے خلاف علاقے میں سوگ، عوام نے رضا کارانہ طور پر کاروبار زندگی بند رکھا

کراچی۔۔۔3، مارچ 2008ء۔۔۔لانڈھی میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن عدنان فاروق شہید کو آج سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان کورنگی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ لانڈھی نمبر ساڑھے پانچ کے گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔بعدازاں عدنان فاروق شہید کا جلوس جنازہ پیدل کورنگی نمبر 6 کے قبرستان لیجایا گیا۔اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔جلوس جنازہ کے شرکاء کی آنکھیں اشکبار اور چہرے غم زدہ تھے جبکہ ایم کیوایم کے بیشتر کارکنان پھوٹ پھوٹ کررورہے تھے۔جلوس جنازہ کے شرکاء نے قاتلوں جواب دو خون کا حساب دو، ڈاکو لٹیروں سے شہر کو پاک کرو، منشیات فروشوں کو گرفتار کرواو دیگر پرجوش نعرے بھی لگائے۔عدنان فاورق کی شہادت کے خلاف لانڈھی اور قرب وجوار کے علاقے سوگ میں ڈوبے رہے اور لوگوں نے رضا کارانہ طور پر اپنا کاروبار زندگی بند رکھا عدنان فاروق کی شہادت کے خلاف پرامن احتجاج کیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی

پاکستان کے انچارج انور عالم، رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء عدنان فاروق شہید کا سوئم کل منگل کو غوثیہ رحمانی مسجد لانڈھی نمبر 6 میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆